Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 12 October-2026

Time: 09:00-09:10 am

آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۲/اکتوبر ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ خشک سالی کے حالات میں روزگار کے مواقع فراہم کرنے، غذائی اجناس کی تقسیم، پینے کے پانی اور مویشیوں کیلئے چارہ اور پانی کی جامع منصوبہ بندی کی جارہی ہے: وزیراعلیٰ کی اطلاع۔

☆ سمردھ پنچایت راج ابھیان کے دوسرے مرحلے کا آغاز۔

☆ پونے میں MPSC کے طلباء کا احتجاج ختم؛ حکومت کی جانب سے پانچ رکنی تحقیقاتی کمیٹی کی تشکیل۔

☆ شاردیے نوراتر تہوار کا روایتی جوش وخروش کے ساتھ آغاز۔

اور۔۔۔☆ تیسرے T20 کرکٹ میچ میں بھارت کی ویسٹ انڈیز پر 14 رنز سے فتح؛ سیریز میں دو-ایک کی برتری۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے...

وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ ریاست میں خشک سالی کی صورتحال کے پیشِ نظر روزگار فراہم کرنے، اناج کی تقسیم، پینے کے پانی اور مویشیوں کیلئے چارے کی جامع منصوبہ بندی کی جارہی ہے۔ وہ کل ممبئی میں مرکزی خشک سالی کے معائنہ کار وفد کے ساتھ منعقدہ اجلاس میں مخاطب تھے۔ اس موقع پر انہوں نے خشک سالی کے حالات سے نمٹنے کے اقدامات پر ٹیکنالوجی پر مبنی اور شفاف طریقے سے عمل درآمد کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ بارشوں کی کمی اور طویل وقفے کے باعث سویابین سمیت کپاس، تور اور گنے کی فصلوں کو نقصان پہنچا ہے اور ربیع اور گرمی کے موسم میں بھی کسانوں کے پاس نقصانات کی تلافی کے مواقع بہت کم ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ دیہی علاقوں میں ٹینکروں کے ذریعے پانی کی فراہمی، آبی وسائل کی بحالی، پانی کے تحفظ کے کام اور ضرورت کے مطابق چارہ چھاؤنیاں شروع کرنے کی منصوبہ بندی کی جارہی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اگست 2027 تک دستیاب پانی کو پینے کیلئے مختص کیا گیا ہے اور شہریوں اور مویشیوں کیلئے پانی کو ترجیح دی جائے گی۔

مرکزی وفد نے جالنہ، بیڑ، دھاراشیو کے ساتھ ہی اہلیانگر، شولاپور، واشم اور ایوت محل اضلاع کے خشک سالی سے متاثرہ دیہاتوں کا دورہ کر کے کسانوں سے بات چیت کی ہے۔ وزیراعلیٰ نے اجلاس میں یہ امید بھی ظاہر کی کہ اس وفد کی رپورٹ مرکزی حکومت کو پیش کرنے کے بعد امداد فراہمی کے عمل میں تیزی آئے گی۔

***** ***** *****

دریں اثنا، دیہی ترقیات اور پنچایت راج محکمے کے سمرڈھ پنچایت راج ابھیان کے دوسرے مرحلے کی کل ناسک میں وزیراعلیٰ کی موجودگی میں شروعات ہوئی۔ وزیراعلیٰ نے یقین دلایا کہ ریاست میں قحط سالی کی صورتحال میں کسانوں کو مدد فراہم کرتے ہوئے ضرورت کے مطابق خطوط سے ہٹ کر فیصلے کئے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ نے اپیل کی کہ کسان اس بحران کے دوران اپنے مویشیوں کو فروخت نہ کریں، ریاستی حکومت مویشیوں کیلئے چارہ اور پانی کیلئے ہر ممکن مدد فراہم کرے گی۔

وزیرِ اعلیٰ نے سمردّھ پنچایت راج ابھیان کے اس مرحلے میں دیہاتوں میں آبی وسائل کے تحفظ کے کام شروع کرنے کی بھی اپیل کی۔ اس اقدام کا مقصد خشک سالی کے حالات سے نمٹنے کیلئے پانی سے لیس دیہات تیار کرنا ہے۔ یہ مہم آئندہ سال 31 مارچ 2027 تک جاری رہے گی۔

***** ***** *****

اسی دوران، سنہتھ کمبھ میلے کی پرچم کشائی کی تقریب کے پیشِ نظر وزیرِ اعلیٰ نے کل ترمبکیشور، گوداگھاٹ' دوار کا سرکل اور ناسک کے اوجھر طیران گاہ میں درشن پتھ کا دورہ کیا اور جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے تمام کاموں کو بروقت اور معیاری طریقے سے مکمل کرنے کی ہدایات بھی دیں۔

***** ***** *****

وزیرِ اعظم نریندر مودی کی عوامی زندگی کے 25 سالہ سفر میں ''عوام کی خدمت سے ملک کی خدمت'' ایک بنیادی نکتہ ہے، حکومت خدمت اور بہتر طرزِ حکمرانی کے نقطہ نظر سے 2047 تک ترقی یافتہ بھارت کے ہدف کو حاصل کرنے کیلئے مختلف اقدامات کر رہی ہے۔ ان کاموں کے ذریعے سماج کو بااختیار بنا کر شہریوں کی زندگیوں میں مثبت تبدیلیاں لانے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ وقف قانون میں کی گئی ترامیم بھی انہی کوششوں کا ایک حصہ ہیں۔

مرکزی حکومت نے ملک میں وقف املاک کے انتظامات میں شفافیت، جوابدہی اور کارکردگی کو بڑھانے کے مقصد سے وقف قانون میں ترمیم کی ہے۔ ان ترامیم سے وقف املاک کے رجسٹریشن، انتظامات اور انتظامی اُمور میں تبدیلیاں آئی ہیں۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اس رائے کا اظہار کیا کہ ان ترامیم سے مسلم سماج کو بڑا فائدہ پہنچ رہا ہے۔ انھوں نے کہا:

Byte: Prime Minister Narendra Modi

وقف ترمیمی قانون کے ذریعے وقف املاک کے انتظام میں شفافیت اور انتظامی جوابدہی کو بڑھانے کی کوشش کی گئی ہے۔ ان ترامیم کو نافذ کرتے ہوئے قانونی دفعات، جائیداد رکھنے والوں کے حقوق اور متعلقہ افراد کے تحفظات کے درمیان توازن برقرار رکھنا اہم ہوگا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

حکومت نے مہاراشٹر پبلک سروس کمیشن (MPSC) میں بے ضابطگیوں کی تحقیقات کیلئے سبکدوش جسٹس دلیپ بھوسلے کی سربراہی میں ایک پانچ رکنی کمیٹی تشکیل دی ہے اور ریاستی خوراک و ادویات محکمے کے کمشنر تکارام منڈھے کو اس کا سکریٹری مقرر کیا ہے۔ ریاستی وزیر شیویندر سنگھ راجے بھوسلے نے کل اس کا اعلان کیا۔

جسٹس بھوسلے کی قیادت میں ایک وفد نے کل ایم پی ایس سی سے متعلق مختلف مطالبات کو لے کر پونے میں احتجاج کر رہے طلباء سے ملاقات کر کے ان کے تمام مطالبات کو تسلیم کرتے ہوئے ایک تحقیقاتی کمیٹی کا اعلان کیا۔ جس کے بعد طلبہ نے اپنا احتجاج ختم کرنے کا اعلان کیا۔

اسی دوران پبلک سروس کمیشن کے چیئرمین ویویک بھیمنوار نے سماجی رابطوں پر جاری ایک پیغام میں کہا ہے کہ انہوں نے تحقیقات مکمل ہونے تک عہدے پر برقرار نہ رہنے کا فیصلہ کیا ہے۔

***** ***** *****

شاردیئے نوراتر تہوار کی کل روایتی عقیدت کے ماحول شروعات ہوئی۔ ساڑھے تین شکتی پیٹھوں میں شامل کولہاپور کی امبابائی، تلجاپور کی تلجا بھوانی، ماہُور کی رینوکا ماتا اور وَنی کی سپت شُرنگی دیوی مندر میں گھٹ استھاپنا کی گئی۔ کئی جگہوں پر گھروں اور عوامی نوراتر منڈلوں میں بھی مورتیوں کی تنصیب عمل میں آئی۔

تلجا پور میں تلجا بھوانی مندر کے کلوڑ تیرتھ سے ایک جلوس کی شکل میں مورتی کی تنصیب عمل میں آئی۔ اس موقعے پر مہاراشٹرا، کرناٹک، آندھرا پردیش اور تلنگانہ کے عقیدت مندوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

ناندیڑ ضلعے کے ماہورگڑھ میں رینوکا ماتا کا نوراتر تہوار کا آغاز ہوا۔ بیڑ شہر کے کھنڈیشوری دیوی مندر اور تلجا بھوانی خاص باغ دیوی مندر میں نوراتر تہوار کا آغاز عقیدت و احترام کے ساتھ ہوا۔

چھترپتی سمبھاجی نگر کے کرن پورہ میں تلجا بھوانی ماتا مندر مورتی کی تنصیب عقیدت مندوں کی موجودگی میں مندر کے صدر و رکنِ کونسل امباداس دانوے کے ہاتھوں عمل میں آئی۔ چھترپتی سمبھاجی نگر کے پولس کمشنر پروین پوار نے کہا کہ نوراتر کے دوران حفاظت کیلئے پولس جوان ہمہ وقت تعینات رہیں گے۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کے سیوا سنکلپ ابھیان کے تحت ریاست میں مجموعی طور پر دو ہزار 327 گرام سبھائیں منعقد کی گئی ہیں اور بیڑ ضلعے نے 17 ہزار 887 سرٹیفکیٹ کے ساتھ خواتین کسان سرٹیفکیٹ کی تیاری میں ریاست میں دوسرا مقام حاصل کیا ہے۔ پربھنی ضلع 18 ہزار 863 سرٹیفکیٹس کے ساتھ پہلے مقام پر ہے‘ جبکہ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع بھی 191، پربھنی 165 اور ناندیڑ ضلع 144 گرام سبھاؤں کے سرِ فہرست ہیں۔ اس مہم کے تحت خواتین کاشتکاروں کو سرکاری شناخت حاصل کرنے اور سرکاری اسکیمات سے استفادہ کرنے میں سہولت فراہم ہوگی۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کی جانب سے قحط سے متاثرہ 265 تعلقہ جات میں لاتور ضلع بھی شامل ہے، جس کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ضلعے میں دسویں اور بارہویں جماعت کے طلباء کی امتحانی فیس معاف کردی گئی ہے۔ اس سلسلے میں ضلع پریشد کے محکمۂ تعلیم نے آئندہ سال فروری‘ مارچ میں منعقد ہونے والے امتحانات کیلئے طلبہ سے امتحانی فیس وصول نہ کرنے کی ہدایات دی ہیں۔ دسویں جماعت کے 47 ہزار 555 اور بارہویں جماعت کے 34 ہزار 519 اس طرح کُل 82 ہزار 74 طلباء اس رعایت سے مستفید ہوسکیں گے۔

***** ***** *****

بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان جاری پانچ ٹی ٹوئنٹی میچز میں کل‘ اندور میں کھیلے گئے تیسرے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میچ میں بھارت نے ویسٹ انڈیز کو 14 رنوں سے شکست دے دی۔ بھارت نے پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے 20 اووروں میں 223 رنز بنائے‘ جس میں ابھیشیک شرما کے 69 رنز شامل ہیں۔ جس کے جواب میں ویسٹ انڈیز کی ٹیم مقررہ اووروں میں سات وکٹوں کے نقصان پر 209 رنز ہی بناسکی۔ بھارت کی جانب سے ارشدیپ سنگھ نے تین کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ اس جیت کے ساتھ ہی بھارت نے پانچ میچز کی سیریز میں دو۔ایک کی سبقت حاصل کرلی ہے۔ سیریز کا چوتھا میچ آئندہ 14 تاریخ کو حیدرآباد میں کھیلا جائے گا۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے میں ضلع کلکٹر راہل کرڈیلے اور ضلع پولس سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر نیلابھ روہن نے گوداوری ندی سے غیر قانونی طور پر ریت نکاسی کرنے والے افراد کیخلاف کارروائی کی۔ اس کارروائی کے دوران ضلع بھر میں 13 کروڑ 12 لاکھ روپے مالیت کا سامان ضبط کیا گیا۔ جس میں 556 براس ریت بھی شامل ہے۔ یہ کارروائی ناندیڑ دیہی، لمب گاؤں، نائیگاؤں، مدکھیڑ، دھرم آباد اور عثمان نگر پولس اسٹیشن حدود میں واقع ریت پٹوں پر کی گئی۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے میں منگرول ایک اور منگرول دو میں ماجل گاؤں آبی ذخیرے سے غیر قانونی طور پر پانی نکالنے والوں کے خلاف انتظامیہ کے ایک مشترکہ دستے نے سخت کارروائی کی۔ اس دوران تین مختلف مقامات سے 350 پانی کی موٹریں اور 50 شمسی توانائی آلات ہٹائے گئے۔

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

اور آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...

☆ خشک سالی کے حالات میں روزگار کے مواقع فراہم کرنے، غذائی اجناس کی تقسیم، پینے کے پانی اور مویشیوں کیلئے چارہ اور پانی کی جامع منصوبہ بندی کی جارہی ہے: وزیر اعلیٰ کی اطلاع۔

☆ سمردھ پنچایت راج ابھیان کے دوسرے مرحلے کا آغاز۔

☆ پونے میں MPSC کے طلباء کا احتجاج ختم؛ حکومت کی جانب سے پانچ رکنی تحقیقاتی کمیٹی کی تشکیل۔

☆ شاردیے نوراتر تہوار کا روایتی جوش و خروش کے ساتھ آغاز۔

اور۔۔۔☆ تیسرے T20 کرکٹ میچ میں بھارت کی ویسٹ انڈیز پر 14 رنز سے فتح؛ سیریز میں دو-ایک کی برتری۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****